# پنجاب پولیس کی ناکارہ گاڑیوں / موٹر سائیکلوں اور ناکارہ سامان (ٹائر، بیٹری، سکریپ وغیرہ) کا شاندار نیلام عام

1۔ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب پولیس کی تقریباً 100 ناکارہ گاڑیوں (کار، جیپ، پک اپ ڈبل کیبن، پک اپ سنگل کیبن، ہنڈائی شاہزور، بس، جیل وین) اور تقریباً 300 ناکارہ موٹر سائیکلوں بمشمول ہیوی موٹر بائیک (ہنڈا اور سوزوکی) کا جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مورخہ 26.08.2025 تا 27.08.2025 اور ناکارہ سامان (ٹائر، ٹیوب، بیٹری، سکریپ وغیرہ) کا جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مورخہ 26.08.2025 کو بمقام الحمرا کلچرل کمپلیکس (قذافی سٹیڈیم) فیروز پور روڈ لاہور میں نیلام عام کیا جائے گا۔

2۔ خواہش مند حضرات مورخہ 15.08.2025 تا 25.08.2025 تک صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک مذکورہ ناکارہ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کا معائنہ بمقام پی ایچ پی ہیڈ کوارٹر بالمقابل ایلیٹ پولیس ٹریننگ سکول بیدیاں روڈ لاہور اور ناکارہ سامان کا معائنہ دفتر سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس موٹر ٹرانسپورٹ پنجاب 236 فیروز پور روڈ لاہور میں کر سکتے ہیں۔ نیلام عام میں صرف رجسٹرڈ افراد ہی حصہ لے سکیں گے۔

## شرائط نیلامی:

| | |
|---|---|
| 1۔ | نیلامی میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ مالیتی -/RS.100,000 بحق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس موٹر ٹرانسپورٹ، پنجاب لاہور بطور ٹوکن منی / رجسٹریشن فیس (قابل واپسی) دفتری اوقات میں جمع کروا کر رجسٹریشن نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن فارم زیر دستخطی کے دفتر واقع 236 فیروز پور روڈ لاہور سے اور پنجاب پولیس کی ویب سائٹ / https://punjabpolice.gov.pk سے حاصل کر کے مکمل کرنے کے بعد مورخہ 25.08.2025 تک اسی دفتر میں جمع کروائے جا سکتے ہیں۔ |
| 2۔ | خواہش مند حضرات پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ مالیتی -/RS.100,000 بمعہ شناختی کارڈ فوٹو کاپی اور موبائل نمبر بمعہ رجسٹریشن فارم بذریعہ ڈاک دفتر سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس موٹر ٹرانسپورٹ پنجاب 236 فیروز پور روڈ لاہور بھجوا سکتے ہیں جو کہ مورخہ 25.08.2025 تک پہنچ جانے چاہیے۔ |
| 3۔ | گاڑیوں / موٹر سائیکلیں کی نیلامی میں حصہ لینے کے لیے علیحدہ اور ناکارہ سامان (ٹائر، ٹیوب، بیٹری، سکریپ وغیرہ) کی نیلامی میں حصہ لینے کے لیے علیحدہ رجسٹریشن کروانی ہوگی۔ |
| 4۔ | صرف ٹوکن منی / رجسٹریشن فیس جمع کروانے والے حضرات یا اُن کے بااختیار نمائندگان ہی نیلامی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔ |
| 5۔ | بوقت نیلامی رجسٹریشن نمبر بولی دہندہ کے پاس ہونا لازمی ہے۔ بصورت دیگر وہ نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔ |
| 6۔ | بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ |
| 7۔ | نیلامی موقع پر موجود افراد کی موجودگی میں کھلی بولی کے ذریعے صبح 9 بجے شروع ہوگی۔ کسی بھی وجہ سے مذکورہ تاریخ کو نیلامی کا انعقاد نہ ہونے کی صورت میں متبادل تاریخ کا اعلان اُسی یوم موقع پر کیا جائے گا۔ |
| 8۔ | تمام گاڑیوں اور ہیوی بائیک کی نیلامی فی کس کے حساب سے اور موٹر سائیکل کی 10 عدد فی لاٹ کی صورت میں کی جائے گی۔ |
| 9۔ | بیٹری (تعدادی تقریباً 2946 عدد مختلف ایمپیرز)، ٹائر (تعدادی تقریباً 8124 عدد مختلف سائز) اور سکریپ (تقریباً 101 ٹن) کی نیلامی علیحدہ علیحدہ لاٹ کے حساب سے کی جائے گی۔ مذکورہ سامان سے متعلقہ دیگر شرائط کے متعلق موقع پر نیلامی سے قبل مطلع کیا جائے گا۔ سامان اٹھانے اور لے کر جانے کا تمام تر خرچہ کامیاب بولی دہندہ خود ادا کرے گا۔ |
| 10۔ | کامیاب بولی دہندہ زر نیلامی کا 25 فیصد حصہ (ناقابل واپسی) موقع پر ہی نیلام کنندہ کو ادا کرے گا۔ جبکہ باقی رقم اندر 30 یوم اکاؤنٹ برانچ دفتر سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس موٹر ٹرانسپورٹ پنجاب 236 فیروز پور روڈ لاہور میں جمع کروانا ہوگی۔ عدم ادائیگی کی صورت میں ادا کردہ 25 فیصد رقم زر نیلامی ضبط کر لی جائے گی نیز رجسٹریشن فیس بھی ضبط کر لی جائے گی۔ |
| 11۔ | خریدی گئی گاڑیوں / موٹر سائیکل / ناکارہ سامان کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی پوری رقم اور ٹیکسز کی ادائیگی کے بعد حوالے کیا جائے گا۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں گاڑیوں کے کاغذات کی منتقلی کی تمام تر ذمہ داری بولی دہندہ پر ہوگی۔ خریدی گئی گاڑی / موٹر سائیکل اندر 30 یوم اپنے نام پر ٹرانسفر کروانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ |
| 12۔ | گاڑی / موٹر سائیکل کی ملکیت اپنے نام کروانے اور ناکارہ سامان اندر 15 یوم میں مذکورہ بالا جگہ سے اٹھانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ |
| 13۔ | بعد ازاں نیلام شدہ گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی ضروری دستاویزات اور ٹوکن ٹیکس وغیرہ کی ادائیگی بذمہ بولی دہندہ ہوگی۔ نیز اگر کسی گاڑی کا انجن تبدیل ہوا ہو گا تو اس کو رجسٹریشن بک / فائل پر تبدیل کروانا بذمہ بولی دہندہ ہوگا۔ مذید براں کسی گاڑی / موٹر سائیکل کی رجسٹریشن بک کی عدم دستیابی کی صورت میں ڈپلیکیٹ بک کا اجراء بذمہ خریدار ہوگا۔ |
| 14۔ | کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق ادا کرنا ہونگے۔ |
| 15۔ | کسی بھی قسم کے سوالات کی صورت میں زیر دستخطی سے بذریعہ ٹیلی فون نمبرز 042.99230163، 042.99230593 اور بذریعہ ای میل ssp.mt.punjab@gmail.com مورخہ 25.08.2025 تک دفتری اوقات میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ |
| 16۔ | تمام بولی دہندگان Covid-19 کے SPOs پر عمل پیرا ہونے کے پابند ہوں گے۔ بولی میں شامل ہونے والے تمام حضرات نظم وضبط کا خاص خیال رکھیں۔ |
| 17۔ | نیلامی کمیٹی کوئی وجہ بتائے بغیر کوئی ایک یا تمام بولیوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ |

**ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری، سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس موٹر ٹرانسپورٹ پنجاب 236 فیروز پور روڈ لاہور فون نمبر 05-042-99230604**

**PUNJAB POLICE**
**Government of the Punjab**

# REGISTRATON FORM

(For Participation in open auction of Transport of Punjab Police Department)

| Registration Number Allotted (for official use) | |
|---|---|

1. Name of the bidder ______________________
2. Father's Name ______________________
3. CNIC No. ______________________ (attach copy of CNIC)
4. Mailing Address: ______________________
5. Contact No. ______________________
6. E-Mail (if any) ______________________
7. Pay order Amount: **Rs. 100,000/- (One hundred Thousand only)**
8. Pay order No. ______________________ dated __________
9. Bank Name ______________________

## Affidavit:

I solemnly affirm that the particulars provided above are correct and I will abide by all the rules & regulations set by the Government to participate in the auction process.

**Signature of the Bidder**

Senior Superintendent of Police,
Motor Transport, Punjab, Lahore.
**Issuing Authority**